www.PapaCambridge.com

UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education Advanced Level

**URDU** **9686/04**

Paper 4 Texts **May/June 2013**

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

*2510126806*

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose **one** question from Section 1, **one** from Section 2 and **one** other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are **not** permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
You are advised to divide your time equally between your answers.

At the end of the examination, fasten all your work securely together.
All questions in this paper carry equal marks.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جاسکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصے سے منتخب کیا جاسکتا ہے۔

اپنے جواب **اردو** میں لکھیں۔

آپ کا ہر جواب **500** سے **600** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **5** printed pages and **3** blank pages.

DC (SJF/JF) 66368/5
© UCLES 2013

UNIVERSITY *of* CAMBRIDGE
International Examinations

**[Turn over**

www.PapaCambridge.com

## Section 1

## پہلا حصّہ

**1** *Ghazlein*

### ا۔غزلیں

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

یہ آرزو تھی تجھے گُل کے روبرو کرتے     ہم اور بلبلِ بے تاب گفتگو کرتے
پیامبر نہ میّسر ہوا تو خوب ہوا     زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے
مری طرح سے مہہ و مہر بھی ہیں آوارہ     کسی حبیب کی یہ بھی ہیں جستجو کرتے
وہ جانِ جاں نہیں آتا تو موت ہی آتی     دل و جگر کو کہاں تک بھلا لہو کرتے
مری نمازِ جنازہ پڑھائی غیروں نے     مرے تھے جن کے لیے وہ رہے وضو کرتے
نہ پوچھ عالم برگشتہ طالعی آتش     برستی آگ جو باراں کی آرزو کرتے

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) یہ غزل آتشؔ کی مشہور ترین غزلوں میں شمار کی جاتی ہے۔ آپ کے خیال میں اس کی کیا وجہ ہو سکتی ہے؟

یا

(ب) ''میرؔ کی شاعری ہر دکھی دل کی پکار ہے۔'' اشعار کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

[25]

© UCLES 2013

## 2 *Nazmein*

www.PapaCambridge.com

(الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

(الف)

آ بتاؤں تجھ کو رمزِ آیۂ اِنّ المـلـوک
سلطنت اقوامِ غالب کی ہے اک جادوگری
خواب سے بیدار ہوتا ہے ذرا محکوم اگر
پھر سلا دیتی ہے اس کو حکمراں کی ساحری

جادوئے محمود کی تاثیر سے چشمِ ایاز
دیکھتی ہے حلقۂ گردن میں سازِ دلبری
خونِ اسرائیل آ جاتا ہے آخر جوش میں
توڑ دیتا ہے کوئی موسیٰ طلسمِ سامری
سروری زیبا فقط اس ذاتِ بے ہمتا کو ہے
حکمراں ہے اک وہی باقی بتانِ آزری

**(i)** مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

**(ii)** اس نظم میں شاعر نے کیا پیغام دینے کی کوشش کی ہے؟ آپ شاعر کے خیالات سے کس حد تک اتفاق کرتے ہیں؟

یا

(ب) ساحؔر کی نظم ''کبھی کبھی'' کا نصاب میں شامل ساحؔر کی دوسری نظموں سے موازنہ کیجیے۔

[25]

© UCLES 2013

**3** *Nazmein*

www.PapaCambridge.com

## نظمیں

سوال (الف)اورسوال(ب)میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔

**(الف)**

اے دوست دل میں گرد کدورت نہ چاہیے
اچھے تو کیا بروں سے بھی نفرت نہ چاہیے
کہتا ہے کون پھول سے رغبت نہ چاہیے
کانٹے سے بھی مگر تجھے وحشت نہ چاہیے
کانٹے کی رگ میں بھی ہے لہو مرغزار کا
پالا ہوا ہے وہ بھی نسیم بہار کا

اس نظم میں جوشؔ نے وحدت انسانی کا درس بڑے موثر انداز میں دیا ہے۔ کیا آپ اس بات سے اتفاق کرتے ہیں؟ وجوہات دے کر اپنے جواب کی وضاحت کیجیے۔

یا

**(ب)** ''ن م راشد جدید اردو شاعروں میں ایک منفرد مقام رکھتے ہیں۔'' اشعار کے حوالے سے بحث کیجیے۔

[25]

© UCLES 2013

www.PapaCambridge.com

## Section 2

## دوسرا حصّہ

**4** *Umrao Jan Ada*, Mirza Ruswa

### ۴۔امراؤجان ادا،مرزارسوا

(الف) ''لکھنؤ کے معاشرے میں طوائفوں اوران کے کوٹھوں کو مرکزی حیثیت حاصل تھی۔'' تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ''ناول امراؤجان ادا کے مرد کرداروں پر نسوانیت کا غلبہ ہے۔'' آپ کی کیا رائے ہے؟

[25]

**5** *Afsané*

### ۵۔افسانے

(الف) مصنّف نے افسانہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کے لیے پاگل خانے کا انتخاب کیوں کیا؟

یا

(ب) ''افسانہ گرم کوٹ ہمارے معاشرے کی بالکل درست عکّاسی کرتا ہے۔'' اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔

[25]

**6** *Anar Kali*, Imtiaz Ali Taj

### ۶۔انارکلی،امتیاز علی تاج

(الف) دلآرام کی خوبیوں پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) اکبراوررانی کے کرداروں کا موازنہ کیجیے۔

[25]

© UCLES 2013

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

© UCLES 2013

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

© UCLES 2013

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

*Copyright Acknowledgements:*

Question 1a © Aatish; *Deewan-e-Aatish*; Younus Book Depot; 2002.
Question 2a © Iqbal; *Baang-e-Dara*; Sheikh Ghulam Ali & Sons; 1978.
Question 3a © *Aaina-e-Urdu Adab*; Sang-e-Meel Publications.

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the Cambridge Assessment Group. Cambridge Assessment is the brand name of University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.

© UCLES 2013